# K–15–X

Roll No..........................................

Total No. of Questions : 13]

[Total No. of Printed Pages : 15

# XIKDRO/N19

# 25515-X

# URDU

Time 3 Hours]

[Maximum Marks : 100

حصہ "الف"

ا۔ کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھنے کے بعد آخر پر دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔ ۱۰=۲x۵

(الف) ایک روز ایک بوڑھا اور اس کی بڑھیا، دو تین بچے چھوٹے چھوٹے ساتھ لئے ہوئے لکڑیاں توڑنے کے واسطے اس غار کے

پاس جہاں حاتم پوشیدہ تھا پہنچے اور لکڑیاں اس جنگل سے چننے لگے۔ بڑھیا بولی کہ ''اگر ہمارے دن کچھ بھلے آتے تو حاتم کو کہیں ہم دیکھ پاتے اور اس کو پکڑ کر نوفل کے پاس لے جاتے، تو وہ پان سو اشرفی دیتا اور ہم آرام سے کھاتے، اس دکھ دھندے سے چھوٹ جاتے'' بوڑھے نے کہا ''کیا بکر بکر کرتی ہے؟ ہمارے طالع میں یہی لکھا ہے کہ روز لکڑیاں توڑیں اور سر پر دھر کر بازار میں بیچیں تب نون روٹی میسر آوے ۔

(i) کون جنگل میں لکڑیاں چن رہے تھے؟

(ii) وہ کس مقام پر لکڑیاں چن رہے تھے؟

(iii) غار میں کون پوشیدہ تھا؟

(iv) بڑھیا نے کس خواہش کا اظہار کیا؟

(v) بوڑھے نے کیا جواب دیا؟

(ب) گرمی کا موسم ہے، چاندنی رات ہے۔ صحن میں پلنگ بچھے ہیں۔ کھانا وانا کھا کر سب ابھی لیٹے ہیں۔ ایک پلنگ پر دو لڑکیاں سعیدہ اور حمیدہ کھسر پھسر کر رہی ہیں۔ دوسرے پلنگ پر ان کے دو چھوٹے بھائیوں احمد اور محمود میں کشتم کشتا ہو رہی ہے۔ ان کی والدہ تخت پر جانماز بچھائے عشاء کی نماز پڑھ رہی ہیں۔ ان کی نانی نے ابھی نماز سے فارغ ہو کر پاندان کھولا ہے۔ پاندان کی آواز سنتے ہی احمد اور محمود میں لڑائی وڑائی چھوڑ کر پلنگ سے اٹھے اور نانی سے آ کر لپٹ گئے۔ احمد نے کہا ''نانی اماں کہانی''۔ محمود نے کہا ''نانی اماں کہانی''۔

(i) موسم کیسا ہے اور رات کس قسم کی ہے؟

(ii) دو لڑکیاں پلنگ پر کیا کر رہی ہیں اور ان کے نام کیا ہیں؟

(iii) بچوں کی والدہ کس وقت کی نماز ادا کر رہی ہے؟

(iv) پاندان کی آواز سن کر احمد اور محمود کس سے لپٹ گئے؟

(v) بچے نانی اماں سے کیا تقاضا کر رہے تھے؟

۲۔ ''حاتم کی سخاوت'' یا ''آخری قدم'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ ۶

۳۔ صرف دو سوالات کے جواب لکھیے۔ ۲×۲=۴

(i) حاتم کس قبیلے کا سردار تھا؟ اور نوفل کو کس وجہ سے حاتم کے ساتھ دشمنی تھی؟

(ii) ''ایک کہانی'' میں بہو پہلی بڑھیا کے ساتھ کیسا رویہ کرتی تھی؟

(iii) ''ایک یادگار وصیت'' میں پنڈت نہرو اپنی راکھ کا کچھ حصہ

سارے بھارت میں کیوں بکھیر دینا چاہتے تھے؟

(iv) ڈراما ''محلے کی ہولی'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

۴ میرامن دہلوی کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے۔ ۵

(یا)

انشائیہ کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

حصہ ''ب''

۵۔ درج ذیل اشعار میں سے دو کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجئے۔ ۲

(i) کیوں کہ ملنا صنم کا ترک کروں

دلبری اختیار کھوتی ہے

(ii) زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے

ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے

(iii) گئے دن کہ تنہا تھا میں انجمن میں

یہاں اب مرے رازداں اور بھی ہیں

(iv) سوکھے ہوئے پیڑوں پہ ہواؤں نے لکھا ہے

اس شہر کی مٹی میں نہ خوشبو نہ وفا ہے

(یا)

کسی ایک شعری جز کا مفہوم شاعر اور نظم کے عنوان سے لکھئے ۔

(i) خدا حافظ مسلمانوں کا اکبر

مجھے تو ان کی خوشحالی سے ہے یاس

یہ عاشق شاہد مقصود کے ہیں

نہ جائیں گے ولیکن سعی کے پاس

(ii) اے دل بشر وہ کون ہے جو خود ستا نہیں

پر خود ستائیوں کے ہیں عنواں جدا جدا

جو زیورِ خرد سے معرا ہیں سادہ لوح

کرتے ہیں خوبیاں وہ بیاں اپنی برملا

جو ان سے تیز ہوش ہیں سو سو طرح سے وہ

پردوں میں کرتے ہیں اسی مضمون کو بیاں

۶۔ شادؔ عظیم آبادی کی غزل گوئی کی خوبیاں بیان کیجئے۔ ۵

۷۔ نظم ''خاکِ ہند'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔ ۴

۸۔ غزل یا نظم پر نوٹ لکھیے۔ ۴

۹۔ صرف دو شعری اصطلاحات کی تعریف مثال کے ساتھ لکھیے۔ ۶

(i) مطلع۔

(ii) تشبیہ۔

(iii) ردیف۔

(iv) حسن تعلیل۔

(v) تلمیح۔

## حصہ "ج"

۱۰۔ دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر ۲۰۰ / الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ ۱۵

(i) سائنس اور ہماری زندگی۔

(ii) کھیلوں کی اہمیت ۔

(iii) جنگلات کا تحفظ انسانی بقا کا ضامن۔

۱۱۔ اپنے دوست کو دسویں جماعت کے امتحان میں کامیاب ہونے پر مبارک باد کا خط لکھیے ۔ ۱۰

(یا)

اپنے کسی رشتہ دار کی دوکان میں نایاب کپڑوں کی سیل پر ایک اشتہار تحریر کیجیے ۔

(یا)

کسی سڑک حادثے کی اخباری رپورٹ تحریر کیجیے ۔

حصہ" د "

۱۲۔ صرف دو سوالات کے جواب لکھیے۔ ۱۵=۷½+۷½

(i) اردو زبان کی ابتدا کے متعلق کسی ایک ماہر لسانیات کے نظریے سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(ii) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات تحریر کیجیے۔

(iii) اردو نظم کی ترقی میں انجمن پنجاب اردو کی کارکردگی پر روشنی ڈالیے۔

(iv) فعل ماضی، فعل حال اور فعل مستقبل کی تعریف لکھیے اور مثالیں بھی دیجیے۔

۱۳۔ Objective معروضی سوالات کے جوابات میں سے درست جواب چن لیجیے۔

(i) ''حاتم کی سخاوت'' کا قصہ کس داستان سے لیا گیا ہے؟ 1

(a) آرائش محفل۔

(b) طوطا کہانی۔

(c) باغ و بہار۔

(d) بارہ ماسہ۔

(ii) ''ایک کہانی'' کس صنف نثر سے تعلق رکھتا ہے؟

(a) لوک کہانی

(b) داستان۔

(c) افسانہ۔

(d) ناول۔

(iii) رشید احمد صدیقی کا کون سا انشائیہ نصاب میں شامل ہے؟

(a) خوشامد۔

(b) الیکشن۔

(c) دعوت۔

(d) مچھر۔

(iv) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟ 1

(a) حسن مطلع۔

(b) مقطع۔

(c) مطلع۔

(d) شاہ بیت۔

(v) ''خاک ہند'' کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟ 1

(a) اقبال۔

(b) جوش۔

(c) فیض۔

(d) چکبست۔

(vi) اقبال کو کس صنف شاعری میں کمال حاصل ہے؟ 1

(a) مثنوی

(b) مرثیہ۔

(c) نظم۔

(d) قصیدہ۔

(vii) ''اسکول میں'' کس قسم کا مرکب ہے؟ 1

(a) مرکب توصیفی۔

(b) مرکب اشاری۔

(c) مرکب اضافی۔

(d) مرکب جاری۔

(viii) ''احمد شریف لڑکا ہے'' اس جملے میں شریف کیا ہے؟ 1

(a) اسم صفت۔

(b) اسم۔

(c) اسم معرفہ۔

(d) موصوف۔

(ix) ''اگر'' کس قسم کا حرف ہے؟ 1

(a) حرف شرط۔

(b) حرف جزا۔

(c) حرف علت۔

(d) حرف جار۔

(x) جو کام گزرے ہوئے زمانے میں کیا جائے اس کو ............ کہتے ہیں۔ 1

(a) فعل حال۔

(b) فعل مستقبل۔

(c) فعل مضارع۔

(d) فعل ماضی۔